**22/07/2025**

**07.4O PM**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ سید مبشر رُفاعی سے خبریں سُنئے**

**پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔**

**ہیڈ لائنز**

***........ آپریشن سندور سمیت مختلف معاملات پر اپوزیشن کی ہنگامہ آرائی کے نتیجے میں پارلیمنٹ کا کام کاج آج بھی ہوا متاثر ۔**

***........ لیفٹنٹ گورنر کے ہا تھوں ملی ٹینسی سے متاثرہ کنبوں کی راحت رسانی کےلئے مخصوص پورٹل کا آغاز// منوج سنہا نے ننون میں یاتریوں کےلئے سہولیات کا لیا جائزہ۔**

***........ وزیر اعلیٰ نے کی نئی قومی تعلیمی پالیسی کی کُلی عمل آوری کی وکالت// سے متعلق یک روزہ کانفرنس سے خطاب۔NEPسرینگر میں**

**اور**

***........ جموں ڈویژن کے کئی علاقوں میں سیلابی ریلوں کی وارننگ// وادی میں ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش کی پیشگوئی۔**

**پارلیمنٹ**

**حزب اختلاف کی جماعتوں نے پالیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں آج دوسرے روز بھی آپریشن سندور اور بہار میں چناوٗ فہرستوں کی نظر ثانی سے متعلق معاملات پر زبردست ہنگامہ آرائی کی اور پھر شور شرابے کے پیش نظر دونوں ایوانوں کی کاروائی پورے دن کےلئے ملتوی کرنا پڑی۔**

**نعرہ بازی پر اُتر آئے اپوزیشن کے ارکان آپریشن سندور اور بہار میں ووٹر فہرستوں میں تیزتر نظر ثانی کرانے کے معاملات پر بحث کا مطالبہ کر تے ہوئے ایوان زیریں کے وسط میں آگئے۔**

پرزائنڈنگ آفیسر جگدمبیکا پال نے احتجاج کرنے والے ممبروں سے بار بار اپنی نشستوں پر بیٹھے نے کی گذارش کی لیکن وہ نہ مانے۔ پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے ایوان کی کاروائی میں رخنہ اندازی پر بے اطمینانی کا اظہار کیا ۔ انہوننے کہا کہ بزنس ایڈوائزری کمیٹی نے آپریشن سندور پر بحث کرانے کا فیصلہ لیا ہے۔

اُدھر ایوان بالا میں بھی اسی طرح کے مناظر دیکھنے کو ملے۔ جبکہ ہنگامہ آرائی میں کوئی کمی نہیں آئی تو دونوں ایوانوں کی کاروائی پورے دن کےلئے ملتوی کر دی گئی۔

## LGپورٹل

جمونو کشمیر میں دہشت پسندی سے متاثرہ افراد اور کنبوں کو راحت پہنچانے کے ایک اہم ادارہ جاتی اقدم کے طور پر لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے آج ایک مخصوص پورٹل کا آغاز کیا۔انہوننے کہا کہ اس اقدام کی بدولت اُ ن افراد کو سرکاری نوکری فراہم کرنے اور دیگر قسم کی معاونت فراہم کرنے کا عمل تیز اور آسان ہو گا۔

یعنی نیشنل انفارمیٹکس سینٹر کے تعاون سے تیار کیا NICیہ پورٹل محکمہ داخلہ نے ہے، جو ملی ٹنسی سے متاثرہ کنبوں کا ضلع وار ڈیٹا ایک جامع انداز میں سٹور کرنے کا ایک مرکزی پلیٹ فارم ہو گا۔

واضح رہے کہ اس سلسلے میں صوبائی سطح پر پہلے ہی دو ٹول فری ہیلپ لائن نمبرات بھی جا ری کئے گئے ہیں۔ صوبہ کشمیر کےلئے ہیلپ لائن کا نمبر ہے0194-2487777 جبکہ جموں ڈویژن کےلئے ہیلپ لائن کا نمبر0191-2478995ہے۔

## LGیاترا

دریں اثناءلیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے پہلگام میں آج یاترا کے چندن واڑی اور ننون بیس کیمپوں کا دورہ کر کے وہاں یاتریوں کے علاوہ خدمات فراہم کرنے والوں اور متعلقہ ملازمین کے ساتھ بات چیت کی، جس دورا ن انہوننے شردھالوؤں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا۔

لیفٹنٹ گورنر نے کہا کہ یاترا کے کامیاب انعقاد سے جمونو کشمیر کے سیاحتی سیکٹر کو بھی زبردست فروغ ملے گا۔ اس موقعے پر آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوننے کہا۔

## وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے قومی تعلیمی پالیسی کی کُلی عمل آوری یقینی بنانے کی وکالت کر تے ہوئے تعلیم دانوں سے طالب علموں کو با اختیار بنانے کی استدعا کی ہے۔

سرینگر میں قومی تعلیمی پالیسی2020 پر جموں وکشمیر میں عمل آوری SKICC وہ یقینی بنانے سے متعلق ایک کانفرنس میں اظہار خیال کر رہے تھے جس کا موضوع

تھا۔" Empowering Education Leaders for Holistic Education "

عمر عبداللہ نے کہا کہ قومی تعلیمی پالیسی اب 5سال پُرانی ہوگئی ہے اور ہمیں اس بات کا جائزہ لینا ہو گا کہ ہم اس کو عملی جامع پہنانے میں کتنا کامیاب ہوئے اور کہاں پہ کمی بیشی رہی ہے اور اسے بہتر طریقے پر نافذ کرنے کےلئے کیا کچھ اور کیا جا سکتا ہے۔

اس موقعے پر اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے وائس چانسلر پروفیسر شکیل احمد رومشو// سکولی تعلیم کے سیکریٹری رام نِواس // وزیر اعلیٰ کے ایڈیشنل چیف سیکریٹری دھیرج گپتا اور دیگر کئی سینئر عہدیدار بھی موجود تھے۔

یاترا

سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا دونوں روایتی راستوں سے احسن طور جاری ہے ۔
اعدادو شمار کے مطابق آج سہ پہر4بجے تک مزید9ہزار910یاتریوں نے امر ناتھ گپھا میں حاضری دے کر شیو لنگم کے درشن کئے۔اس طرح سے اب تک درشن کرنے والوں کی مجموعی تعداد3لاکھ35ہزار سے بھی زیادہ ہو گئی ہے۔

جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے آج مزید3ہزار 536 یاتری وادی پہنچ گئے ہیں۔

دریں اثناءشری امر ناتھ جی کی یاترا پر آنے والے شردھالو سرکاری انتظامات ، کشمیر کی خوبصورتی اور مقامی لوگوں کی خندہ پیشانی سے کا فی متاثر نظر آ رہے ہیں۔

اس دوران جمونو کشمیر میں بارش کی پیشگوئی کے تناظر میں یاترا کے راستوں پر موسم کی آئندہ صورتحال کے بارے میں سرینگر میں محکمہ موسمیات کے ڈائریکٹر ، ڈاکٹر مختار احمد نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا۔

مسرت اسلام

محکمہ ہینڈی کرافٹس اینڈ ہینڈ لوم نے کشمیری دستکاری کے نام پر ایک سیاح کو مشین سے بنا ہوا قالین فروخت کرنے کی پاداش میں ٹنگمرگ کے ایک تاجر کو بلیک لسٹ کر کے اُس کے کاروباری یونٹ کی رجسٹریشن منسوخ کر دی ہے۔

محکمے کے ڈائریکٹر مُسرت اسلام نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا کہ کشمیر آرٹ بازار نامی کاروباری یونٹ کے مالک کے خلاف بھارتیہ نیائے سنہتا کے تحت ایک معاملہ درج کر لیا گیا ہے۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے DTH اور AIR خبریںآپ آکاشوانی کی موبائیل ایپلیکشن نیوز آن ہیں۔

سکینہ ایتو

صحت اور تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے ابھرتے شعبونمیں ہنر مندی پر مبنی روزگار کے حامل کورسز شروع کرنے پر زور دیا ہے۔ وہ سیول سیکریٹریٹ سرینگر میں کلسٹر یونیورسٹی سرینگر اور اسکے تحت کام کرنے والے کالجوں کی کار گزاری کا جائزہ لے رہی تھیں۔

میٹنگ میں یونیورسٹی کے وائس چانسلر محمد مبین// اعلیٰ تعلیم کے ایڈیشنل چیف سیکریٹری شانت مانو// ڈائریکٹر کالجز جمونو کشمیر اور دیگر متعلقہ عہدیدار بھی موجود تھے۔

جا وید رانا

جل شکتی اور جنگلات و ماحولیات کے وزیر جا وید احمد رانا نے آج پونچھ ضلعے کا تقسیم کا ری سیکٹر سکیم کی عمل آوری کا Revampad تفصیلی دورہ کر کے وہاں جائزہ لیا۔

انہوننے اس سلسلے میں متعلقہ افسروں کی ایک میٹنگ کی بھی صدارت کی جس سکیم کی کامیاب عمل آوری یقینی بنانے میں ایک نقشہ راہ RDSSدوران ضلعے میں مرتب کرنے پر غورو خوض کیا گیا ۔

بی جے پی

پردیش بی جے پی کے صدر ست شرما نے افریقہ کے نائجر میں رام بن کے لا پتہ شخص رنجیت سنگھ کو باز یاب کرنے کےلئے فوری کاروائی کی یقین دہائی کرائی ہے۔ ست شرما سے اس سلسلے میں آج ایک وفد نے پارٹی ہیڈ کواٹر میں ملاقات کی۔

اس دوران ایک علیحدہ میٹنگ میں ست شرما نے پارٹی کے کارکنوں پر زور دیا ہے کہ وہ جموں اورکشمیر میں اپنی عوامی رابطہ کا ری مہم میں سرعت لائے۔ اس موقعے پر پارٹی کے تنظیمی امور کے جنرل سیکریٹری اشوک کول نے کشمیر خطے میں بی جے پی کے بڑھتے ہوئے اثر رسوخ پر اطمینان کا اظہار کیا۔

**انتقال**

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے اپنے آفیسر آن سپیشل ڈیوٹی ریاض احمد وانی کی والدہ ماجدہ کے انتقال پر غمزدہ کنبے کے ساتھ تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

انہوننے مرحومہ کے گھر جا کر اہل خانہ کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرنے کے علاوہ مرحومہ کی جنت نشینی کےلئے دعا کی ۔ وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی اور آکاشوانی سرینگر کے نیوز سیکشن نے بھی ریاض احمد وانی کے ساتھ تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

**این سی**

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے آج بٹوارہ سرینگر جا کر سینئر پارٹی لیڈر حاجی غلام قادر پردیسی کے ساتھ تعزیت کا اظہار کیا جن کی بابی کا گذشتہ روز لالچوک احسان پردیسی کی چاچی جان بھی تھیں-MLA انتقال ہو گیا۔ مرحومہ

صدر موصوف اور پارٹی کے نائب صدر عمر عبداللہ نے ساتھ ہی سابق وزیر مرحوم غلام نبی وانی سوگامی کو اُن کی44ویں برسی پر یاد کر کے انہیں خراج عقیدت ادا کیا ہے۔

جڈی بل تنویر صادق نے کہا ہے کہ MLAنیشنل کانفرنس کے ترجمان اعلیٰ اور مخلصانہ اور منظم بات چیت ہی پائیدار امن کا واحد راستہ ہے۔ وہ نئی دلی کے انڈیا انٹر نیشنل سینٹر میں بھارت اور پاکستان کے درمیان امن اور بات چیت سے متعلق منعقدہ امن کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔

**کانگریس**

پردیش کانگریس کمیٹی کے اڑھائی سو سے زائد سینئر لیڈر اور کارکنان آج پارٹی کے پردیش صدر طارق حمید قرہ کی قیادت میں جموں سے نئی دلی کےلئے روانہ ہوئے۔

روانگی سے قبل صحافیوں سے بات کر تے ہوئے طارق حمید قرہ نے کہا کہ پارٹی لیڈران، جموں کشمیر کا ریاستی درجہ بحال کرانے کا مطالبہ لیکر دلی جا رہے ہیں اور وہ کل پارلیمنٹ کے باہر اس مطالبے کے حق اپنی آواز بلند کریں گے۔

سرکار نے غیر جمہوری طور ریاست کا درجہ گھٹا دیا اور اس خطے BJPانہوننے کہا کہ کا ریاست کا درجہ بحال کرنے کا اپنا وعدہ ابھی تک پورا نہیں کیا ۔ پارٹی لیڈران نے دلی روانگی سے قبل توی برج پر مہاراجہ ہری سنگھ کے مجسمے پر گلباری کی۔

**سرتاج مدنی**

پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی کے نائب صدر سرتاج مدنی نے آج جموں میں پارٹی لیڈروں اور کارکنوں کی ایک میٹنگ مینپارٹی کے یوم تاسیس کے سلسلے میں منعقد کی جا رہی تقریبات کے سلسلے میں تیاریوں کا جائزہ لیا۔

پر لوگوں کو BJPاپنے خیالات کا اظہار کر تے ہوئے انہوننے نیشنل کانفرنس اور سیاسی طور گمراہ کرانے کا الزام عائد کیا۔

میں شمولیت اختیار کی۔ PDP اس موقعے پر نوجوان ماہر قانون سُکِرت مہاجن نے

شاہین

جنتا دل یونائٹیڈ جمونو کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیر اعظم نریندر مو دی سے اپیل کی ہے کہ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کی دور اندیش قائیدانہ صلاحیتوں کو مد نظر رکھتے ہوئے اُن کے مدت کار میں توسیع کی جانی چاہئے۔

انہوننے ایک بیان میں کہا ہے کہ منوج سنہا نے جمونو کشمیر میں ترقیاتی منظر نامے کو دوام بخشنے میں ایک اہم اور قائیدانہ رول ادا کیا ہے۔

نشہ مکت بھارت ابھیان

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے لازمی اقدامات کے بارے میں ایک ماہر تعلیم جی ایم پروانہ نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

کولگام

کولگام میں فاسٹ ٹریک عدالت کے ایڈیشنل سیشنز جج نے2010 کے ایک خوفناک تیزاب کے حملے معاملے میں محمد یاسین کلے اور محمد اقبال کلے ساکنان لامڑ دیوسر نامی دو افراد کو مجرم قرار دیا ہے۔

چیف پراسکیوٹنگ افسر ضیا الرحمن نے ایک پریس کانفرنس کے دوران بتایا کہ اس نوعیت کے سنگین معاملات میں عمر قید کی سزا بھی دی جا سکتی ہے۔ اگر چہ اس معاملے میں ابھی تک سزا کی مدت کا اعلان نہیں کیا گیا ہے تاہم انہوننے کہا کہ آئندہ دنوں میں اس پر دلائل سنے جائیں گے۔

پر سار بھارتی

گورو دِویدی نے کہا ہے کہ پرسار بھارتی مستقبل کے CEO پر سار بھارتی کے کا استعمال کررہا ہے۔ وہ کمبوڑیا AIتقاضوں کو پورا کرنے کےلئے نیوز روم میں میں20ویں ایشیاءپیسفک میڈیا کی چوٹی کانفرنس کی افتتاحی تقریب میں بول رہے تھے۔

گورو دِویدی براڈ کاسٹنگ کے فروغ کی جنرل کانفرنس کےلئے ایشیاءپیسفک انسٹی چیوٹ کے صدر بھی ہیں۔ انہوںنے اس یہ بات اُجاگر کی کہ تیزی سے تبدیلی ہو رہی مصنوعی ذہانت بنیادی طور پر خبروں اور نشریات کی صنعت کو ایک نئی شکل دے رہی ہے۔

جتیندر سنگھ

وزیر اعظم کے دفتر میں وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ ہمارے سمندر کو بحر ہند کہتے ہیں اور وقت آیا گیا ہے کہ ہم اس شناخت کو نہایت افتخار اور مقصد کے ساتھ اپنائیں۔

ایک پوڈ کاسٹ میں وزیر موصوف نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مو دی کی طرف سے لال قلعے کی فصیل سے گہرے سمند ری سے متعلق لانچ کئے گئے مشن کے بعد عرضیاتی سائنس کی وزارت بھارت کو ایک دائمی نیلی اقتصادیات کی سمت بڑھا رہی ہے۔

قومی جھنڈا

آج قومی جھنڈے کا دن منایا جا رہا ہے۔ بھارت کی آئین ساز اسمبلی نے 1947میں آج ہی کے دن ترنگے کو ملک کے قومی جھنڈے کے طور پر قبول کیا تھا.

موسم

بھارتیہ محکمہ موسمیات نے کشمیر کے اننت ناگ اور بارہمولہ ضلعوں کے علاوہ جموں ڈویژن کے سبھی 10اضلاع میں کئی مقامات پر اگلے24گھنٹوں کے دوران طغیانیاں آنے کی وارننگ جا ری کی ہے۔

سرینگر میں محکمہ موسمیات کے ڈائریکٹر، ڈاکٹر مختار احمد نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے آئندہ دنوں کی موسمی صورتحال کے بارے میں یوں پیشگوئی کی۔۔

درجہ حرارت

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 30اعشاریہ2ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت23اعشاریہ2ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 27اعشاریہ3 ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 23اعشاریہ1 ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر36 منٹ پر اور

غروب آفتاب شام7بجکر39منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ

.........................................

....................

...........